| TEST ▶ 1 | URDU COMP ◀ 10TH ▶ (اُردو(لازمی | T.MARKS ● 35 |
|---|---|---|

| NAME | | ROLL NO | | SECTION | |
|---|---|---|---|---|---|
| TEST TYPE | 8TH DIVISION WISE | DATE | ____/____/____ | CHECKED BY | |

**سوال نمبر 1)** درست جواب پر دائرہ لگائیں — 1X5 ▶ 05

I) محمود نظامی کے مقالے کے بعد مرزا محمد سعید پر کس نے تنقید کی؟
(A) ڈاکٹر تاثیر (B) پطرس بخاری (C) فیض احمد فیض (D) حمید احمد خان

II) مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کر دیتے تھے۔
(A) جائیدا خریدنے پر (B) خیرات کرنے میں (C) کتابوں پر (D) کھانے پینے پر

III) مرزا صاحب نے اپنے شاگرد کو کونسا ناول بے مزد دے دیا؟
(A) چراغ حسن حسرت (B) یاسمین (C) محزن (D) ان میں سے کوئی نہیں

IV) نظم ''حمد'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟
(A) احسان دانش (B) جمیل الدین عالی (C) حفیظ جالندھری (D) جوش ملیح آبادی

V) محبوب پروردگار کا پیغام کیا ہے؟
(A) اصول محبت (B) غم گساری (C) امانتداری (D) غریب نوازی

**سوال نمبر 2)** مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں — 2X3 ▶ 06

I) مرزا صاحب کی معرکۃ الآرا کتاب کا نام اور مرتبہ بیان کریں۔
II) مرزا محمد سعید کس لیے لکھتے تھے؟
III) اللہ تعالیٰ نے انسان کو کن نعمتوں سے نوازا ہے؟ چند کا ذکر کریں۔

**سوال نمبر 3)** مندرجہ ذیل نثر کا خلاصہ لکھیں ''مرزا محمد سعید'' — 5X1 ▶ 05

**سوال نمبر 4)** مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کریں (شاعر کا نام اور نظم کا نام بھی لکھیں) — 2X3 ▶ 06

| | | |
|---|---|---|
| شعر نمبر 1) | اُسی نے حرف کن سے پیدا کر دیا عالم | کشاکش کی صدائے ہاؤ ہو سے بھر دیا عالم |
| شعر نمبر 2) | بجھے گا نہ جس کا چراغ محبت | وہ پیغمبر ذی وقار آ گیا ہے |
| شعر نمبر 3) | زمانے کو اب منزل مبارک | کہ اک خضر صد رہ گزار آ گیا ہے |

**سوال نمبر 5)** مضمون لکھیں ''زم ۔۔۔ زم'' — 8X1 ▶ 08

**سوال نمبر 6)** مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں — 1X5 ▶ 05

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کیا۔ چنانچہ دفعتا ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیئے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتا آسمان سے گولے پڑنے لگے۔ یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انھیں خبر بھی نہ ہوئی، ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے۔ مگر وہاں رضائی کا گزارا کہاں سیکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے، جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

1) پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں۔ کس زمانے میں؟
2) جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے آپ کیا جانتے ہیں؟
3) ''وہ لوگ برف کے کیڑے تھے'' کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟
4) وہاں رضائی کا گزارا کیوں نہیں تھا؟
5) جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

| TEST ▶ 1 | URDU COMP ◀ 10TH ▶ اُردو(لازمی) | T.MARKS ● 35 |
|---|---|---|

| NAME | | ROLL NO | | SECTION | |
|---|---|---|---|---|---|
| TEST TYPE | 8TH DIVISION WISE | DATE | ____/____/____ | CHECKED BY | |

**سوال نمبر 1)** درست جواب پر دائرہ لگائیں **1X5 ▶ 05**

I) پروگرام ''دانش کدہ'' میں کتنے دانشور بلائے جاتے تھے؟

(A) دو (B) تین (C) چار (D) سات

II) مرزا محمد سعید نے سر عبدالقادر کے کونسے رسالے میں مضامین لکھے؟

(A) مخزن (B) محرم (C) القادری (D) محزن

III) سبق ''مرزا محمد سعید'' کس ادیب کی تحریر ہے؟

(A) نذیر احمد دہلوی (B) شاہد احمد دہلوی (C) اشرف صبوحی (D) مولوی عبدالحق

IV) کائنات کا وجود اللہ تعالیٰ کے:

(A) احکامات کا نتیجہ ہے (B) چاہنے کا نتیجہ ہے (C) حرف کن کا نتیجہ ہے (D) ارادے کا نتیجہ ہے

V) اب انسان کو کس کا عرفان حاصل ہوگا؟

(A) خدا تعالیٰ کا (B) حقائق کا (C) کائنات کا (D) انسان کا

**سوال نمبر 2)** مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں **2X3 ▶ 06**

I) مرزا صاحب نے کس کالج میں تدریس کے فرائض انجام دیے؟

II) مرزا صاحب کے دونوں ناولوں کے نام تحریر کریں۔

III) نعت کے پہلے شعر میں حضور اکرم ﷺ کی کونسی صفات بیان کی گئی ہیں؟

**سوال نمبر 3)** مندرجہ ذیل نثر کا خلاصہ لکھیں ''مرزا محمد سعید'' **5X1 ▶ 05**

**سوال نمبر 4)** مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کریں (شاعر کا نام اور نظم کا نام بھی لکھیں) **2X3 ▶ 06**

| | | |
|---|---|---|
| شعر نمبر 1) | نظام آسمانی ہے اُسی کی حکمرانی سے | بہار جاودانی ہے اُسی کی باغبانی سے |
| شعر نمبر 2) | زمین پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اُس کی قدرت کے | بچھائے ہیں اُسی داتا نے دستر خوان نعمت کے |
| شعر نمبر 3) | دو عالم کا امدادگار آ گیا ہے | امین آ گیا، غم گسار آ گیا ہے |

**سوال نمبر 5)** مضمون لکھیں ''علامہ اقبال'' **8X1 ▶ 08**

**سوال نمبر 6)** مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں **1X5 ▶ 05**

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کیا۔ چنانچہ دفعتاً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیئے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتاً آسمان سے گولے پڑنے لگے۔ یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انھیں خبر بھی نہ ہوئی، ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے۔ مگر وہاں رضائی کا گزارا کہاں سیکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے، جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

1) پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں۔ کس زمانے میں؟

2) جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے آپ کیا جانتے ہیں؟

3) ''وہ لوگ برف کے کیڑے تھے'' کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟

4) وہاں رضائی کا گزارا کیوں نہیں تھا؟

5) جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

| TEST ▶ 1 | URDU COMP ◀ 10TH ▶ اُردو(لازمی) | T.MARKS ● 35 |
|---|---|---|

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| NAME | | ROLL NO | | SECTION | |
| TEST TYPE | 8TH DIVISION WISE | DATE | ____/____/____ | CHECKED BY | |

**سوال نمبر 1)** درست جواب پر دائرہ لگائیں **1X5 ▶ 05**

I) مرزا محمد سعید کی عزیز داری کس شخصیت سے تھی؟

(A) سرسید احمد خان (B) شیخ عبدالقادر (C) شاہد احمد دہلوی (D) مشتاق احمد زاہدی

II) مرزا محمد سعید نے گورنمنٹ کالج لاہور سے کون سی سند لی؟

(A) بی۔اے (B) ایم۔اے تاریخ (C) ایم۔اے انگریزی ادب (D) ایم۔اے اُردو ادب

III) مرزا محمد سعید کے بقول انسان کس لیے کام کرتا ہے؟

(A) شہرت (B) دولت (C) عزت و وقار (D) شہرت اور دولت

IV) نظام آسمانی اور بہار جاودانی میں کونسی بات مشترک ہے؟

(A) خالق ایک ہے (B) ردیف ایک ہے (C) دونوں کائنات کا حصہ ہیں (D) ایک ہی نظام کے عناصر ہیں

V) پیغمبر ذی وقار کے چراغ محبت کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟

(A) روشن تر ہوگا (B) ہمیشہ روشن رہے گا (C) کبھی نہیں بجھے گا (D) اس کی روشنی اور پھیلے گی

**سوال نمبر 2)** مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں **2X3 ▶ 06**

I) لاہور کے پبلشروں کے ساتھ مرزا صاحب کا رویہ کیسا تھا؟

II) مرزا صاحب کی کن دو قومی شخصیات سے عزیز داری تھی؟

III) حمد میں خالق کی کن نعمتوں کا ذکر کیا گیا ہے؟

**سوال نمبر 3)** مندرجہ ذیل نثر کا خلاصہ لکھیں ''مرزا محمد سعید'' **5X1 ▶ 05**

**سوال نمبر 4)** مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کریں (شاعر کا نام اور نظم کا نام بھی لکھیں) **2X3 ▶ 06**

| | | |
|---|---|---|
| شعر نمبر 1) | یہ سرد و گرم، خشک و تر، اُجالا اور تاریکی | نظر آتی ہے سب میں شان اُسی ذات باری کی |
| شعر نمبر 2) | غریبوں کی جاں کو، یتیموں کے دل کو | سکوں ہو گیا ہے، قرار آ گیا ہے |
| شعر نمبر 3) | اُصولِ محبت ہے پیغام جس کا | وہ محبوب ﷺ پروردگار آ گیا ہے |

**سوال نمبر 5)** مضمون لکھیں ''علامہ اقبال'' **8X1 ▶ 08**

**سوال نمبر 6)** مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں **1X5 ▶ 05**

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ یہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کیا۔ چنانچہ دفعتاً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتاً آسمان سے گولے پڑنے لگے۔ یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انھیں خبر بھی نہ ہوئی، ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے۔ مگر وہاں رضائی کا گزارا کہاں سیکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے، جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

1) پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں۔ کس زمانے میں؟

2) جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے آپ کیا جانتے ہیں؟

3) ''وہ لوگ برف کے کیڑے تھے'' کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟

4) وہاں رضائی کا گزارا کیوں نہیں تھا؟

5) جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

| TEST ▶ 2 | URDU COMP ◀ 10TH ▶ اُردو(لازمی) | | T.MARKS ● 35 |
|---|---|---|---|
| NAME | | ROLL NO | | SECTION | |
| TEST TYPE | 8TH DIVISION WISE | DATE | ____/____/____ | CHECKED BY | |

**سوال نمبر 1)** درست جواب پر دائرہ لگائیں — 1X5 ▶ 05

I) سبق ''نظریہ پاکستان'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟
(A) ڈاکٹر سید عبداللہ (B) ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان (C) سرسید احمد خان (D) جمیل الدین عالی

II) سید احمد بریلوی اور شاہ اسمٰعیل کب شہید ہوئے؟
(A) 1821ء میں (B) 1831ء میں (C) 1841ء میں (D) 1857ء میں

III) 23 مارچ 1940 کو لاہور کے اجلاس کی صدارت کس نے کی؟
(A) علامہ اقبال (B) قائداعظم (C) لیاقت علی خان (D) سر سید احمد خان

IV) شاعر گرمی کی شدت کا ذکر کرتے ہوئے لرزاں ہے کہ:
(A) زبان مثل شمع نہ جل اُٹھے (B) خود اس شدت کا شکار نہ ہو جائے (C) بیان سے قاصر ہے (D) مبالغہ نہ ہو جائے

V) ''اپنی خاکستر'' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟
(A) سرزمین طرابلس (B) سرزمین پاک و ہند (C) اُمت مسلمہ (D) سرزمین سیالکوٹ

**سوال نمبر 2)** مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں — 2X3 ▶ 06

I) مسلمانوں کو اپنے دینی معاملات میں اپنی آزادی کب ختم ہوتی نظر آئی؟
II) تحریک خلافت کیوں شروع کی گئی؟
III) شاعر کے بیان کے مطابق دریائے فرات کے پانی پر دھوپ کا کیا اثر ہوا؟

**سوال نمبر 3)** مندرجہ ذیل نثر کا خلاصہ لکھیں ''نظریہ پاکستان'' — 5X1 ▶ 05

**سوال نمبر 4)** مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کریں (شاعر کا نام اور نظم کا نام بھی لکھیں) — 2X3 ▶ 06

| | | |
|---|---|---|
| شعر نمبر 1) | گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر | بھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر |
| شعر نمبر 2) | رقص تیری خاک کا کتنا نشاط انگیز ہے | ذرہ ذرہ زندگی کے سوز سے لبریز ہے |
| شعر نمبر 3) | تازہ انجم کا فضائے آسماں میں ہے ظہور | دیدہ انساں سے نا محرم ہے جن کی موج نور |

**سوال نمبر 5)** مضمون لکھیں ''قائداعظم'' — 8X1 ▶ 08

**سوال نمبر 6)** مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں — 1X5 ▶ 05

غالب نے القاب و آداب، مزاج پرسی و خیریت نگاری کا قدیم دستور، جس سے سر مو تجاوز کرنا روا نہ رکھا جاتا تھا، بالکل ترک کر دیا۔ یہ بات نہیں کہ یہ باتیں لکھتے ہی نہ تھے مگر ان قاعدوں کے اور ان کی ترتیب کے پابند نہ تھے۔ القاب و آداب بالکل چھوڑ دیتے اور اول سطر سے مضمون شروع کر دیتے تھے، کبھی لکھتے تھے تو نئے، مختصر، موزوں القاب لکھتے تھے۔ مثلاً ''میاں''، ''برخوردار''، ''بندہ پرور''، ''مہاراج''، ''پیرو مرشد''، ''بھائی صاحب''۔ اس سے زیادہ لکھا تو ''میری جان کے چین میاں سرفراز حسین''، ''میرے مہربان، میری جان، مرزا تفتہ سخن دان، کبھی یہ سب غائب اور خط اس طرح سے شروع: ''صاحب تم کیا چاہتے ہو؟'' ۔۔۔یا۔۔۔ ''مار ڈالا یار تیری جواب طلبی نے''۔ اسی طرح دعا سلام اور اپنا نام اور تاریخ تحریر لکھنے میں بھی کوئی پابندی نہ تھی۔

1) آپ کے خیال میں خط کے ضروری حصے / اجزا کیا ہیں؟
2) آپ نے غالب کے خط پڑھے ہیں ان کی زبان کیسی ہے؟
3) خط کیوں لکھا جاتا ہے؟
4) قدیم دستور مکتوب نگاری کیا تھا؟
5) حامد حسن قادری نے غالب کی مکتوب نگاری کی جو خصوصیات بتائی ہیں، اسکا خلاصہ لکھیں۔

| TEST ▶ 2 | URDU COMP ◀ 10TH ▶ اُردو(لازمی) | T.MARKS ● 35 |
|---|---|---|

| NAME | | ROLL NO | | SECTION | |
|---|---|---|---|---|---|
| TEST TYPE | 8TH DIVISION WISE | DATE | ____/____/____ | CHECKED BY | |

**سوال نمبر1) درست جواب پر دائرہ لگائیں** — 1X5 ▶ 05

I) اکبر کے دور میں دین کی سربلندی کے لئے کس نے سختیاں جھیلیں؟

(A) حضرت مجدد الف ثانی (B) شاہ ولی اللہ (C) سید احمد بریلوی (D) شاہ اسمٰعیل شہید

II) مسلم لیگ کے الہ آباد 1930ء والے جلسے کی صدارت کس نے کی؟

(A) علامہ اقبال (B) قائداعظم (C) لیاقت علی خان (D) سرسید احمد خان

III) مسلم لیگ کس نے قائم کی؟

(A) سرسید احمد خان (B) نواب محسن الملک (C) قائداعظم (D) نواب وقار الملک

IV) نظم ''میدان کربلا میں گرمی کی شدت'' صنف سخن کے لحاظ سے کیا ہے؟

(A) آزاد نظم (B) قصیدہ (C) شہر آشوب (D) مرثیہ

V) شاعر نے فاطمہ کو حور کہا ہے:

(A) صحرائی (B) ارضی (C) آسمانی (D) جنتی

**سوال نمبر2) مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں** — 2X3 ▶ 06

I) اہل مغرب نے قومیت کی بنیاد کس پر رکھی ہے؟

II) نظریہ پاکستان کا مقصد کیا ہے؟

III) ''برسے ہوئے بادل'' سے کون مراد ہے؟

**سوال نمبر3) مندرجہ ذیل نثر کا خلاصہ لکھیں ''نظریہ پاکستان''** — 5X1 ▶ 05

**سوال نمبر4) مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کریں (شاعر کا نام اور نظم کا نام بھی لکھیں)** — 3X2 ▶ 06

شعر نمبر1)

شیر اُٹھتے تھے نہ دھوپ کے مارے کچھار سے
آہو نہ منھ نکالتے تھے سبزہ زار سے
آئینہ مہر کا تھا مکدر غبار سے
گردوں کو تپ چڑھی تھی زمین کے بخار سے

شعر نمبر2)

یہ سعادت حورِ صحرائی ! تری قسمت میں تھی
غازیانِ دیں کی سقائی تری قسمت میں تھی

**سوال نمبر5) مضمون لکھیں ''یوم آزادی''** — 8X1 ▶ 08

**سوال نمبر6) مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں** — 1X5 ▶ 05

آپ کا والا نامہ ابھی ملا ہے جس کے لیے بہت شکر گزار ہوں۔ مسٹر نعیم الحق صاحب کے خط سے جو انھوں نے شیخ عبدالحمید کو لکھا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان کے خیال میں کشمیر اور سری نگر دو مختلف جگہیں ہیں۔ ان کی خدمت میں عرض کریں کہ ''کشمیر'' ملک کا نام ہے اور ''سری نگر'' دارالسلطنت ہے۔ مقدمات جو بھی ہوں سری نگر میں ہوں گے اور جہاں تک میں خیال کرتا ہوں ان کو زیادہ مدت وہاں ٹھہرنا نہ پڑے گا۔ شیخ عبدالحمید صاحب کا خط مجھے آج آیا ہے، جس میں وہ لکھتے ہیں کہ سید نعیم الحق صاحب کا سفر خرچ کشمیر کمیٹی کی طرف سے ادا ہونا چاہیے، لیکن مجھے یقین ہے کہ سید صاحب موصوف اس حقیر رقم کو جو سفر خرچ کی صورت میں ان کی خدمت میں پیش کی جائے قبول نہ کریں گے اور یہ کام اللہ، مسلمانوں کے لئے کریں گے۔ کشمیر کمیٹی کے پاس زیادہ فنڈ نہیں ہے ورنہ میں خود سید صاحب کی خدمت میں پیش کرتا۔ اس واسطے مہربانی کر کے ان کی خدمت میں عرض کریں کہ اگر آپ بلا کسی قسم کے معاوضے اور سفر خرچ کے یہ خدمت کریں تو اللہ کے نزدیک اجر جزیل کے مستحق ہوں گے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی اور صورت میں اس کا اجر ضرور مل جائے گا۔

1) علامہ اقبال نے مکتوب الیہ سے کیا کہا؟ خلاصہ لکھیں۔
2) سفر خرچ سے کیا مراد ہے؟
3) اس پیراگراف کا عنوان لکھیں۔
4) سید نعیم الحق وکیل ہیں انہیں سری نگر کیوں بلایا ہے؟
5) اجر جزیل کے معنی لکھیں۔

| TEST ▶ 2 | URDU COMP ◀ 10TH ▶ اُردو(لازمی) | T.MARKS ● 35 |
|---|---|---|

| NAME | | ROLL NO | | SECTION | |
|---|---|---|---|---|---|
| TEST TYPE | 8TH DIVISION WISE | DATE | ____/____/____ | CHECKED BY | |

**سوال نمبر1)** درست جواب پر دائرہ لگائیں **1X5 ▶ 05**

I) کانگرس کب قائم ہوئی؟

(A) 1885ء میں (B) 1886ء میں (C) 1895ء میں (D) 1906ء میں

II) مصنف نے دنیا میں قومیت کی تشکیل کی کتنی بنیادیں بتائی ہیں؟

(A) ایک (B) دو (C) چار (D) آٹھ

III) قومیت کی تشکیل کی کتنی بنیادی ہیں؟

(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

IV) رن کی زمیں سرخ تھی اور آسماں تھا:

(A) سبز (B) نیلا (C) زرد (D) سرخ

V) نظم"فاطمہ بنت عبداللہ"کس شاعر کی تخلیق ہے؟

(A) علامہ محمد اقبال (B) حفیظ جالندھری (C) ظفر علی خاں (D) احسان دانش

**سوال نمبر2)** مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں **2X3 ▶ 06**

I) علامہ اقبال نے مسلمانوں کے لئے الگ وطن کا مطالبہ کب اور کہاں کیا؟ II) سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نہ ہو سکا؟

III) دوسرے بند میں نہر کے"لب"سے کیا مراد ہے؟

**سوال نمبر3)** مندرجہ ذیل نثر کا خلاصہ لکھیں "نظریہ پاکستان" **5X1 ▶ 05**

**سوال نمبر4)** مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کریں (شاعر کا نام اور نظم کا نام بھی لکھیں) **2X3 ▶ 06**

| | | |
|---|---|---|
| شعر نمبر1) | سرخی اُڑی تھی پھولوں سے سبزی گیاہ سے | پانی کنوؤں میں اُترا تھا سائے کی چاہ سے |
| شعر نمبر2) | یہ جہاد اللہ کے رستے میں بے تیغ و سپر! | ہے جسارت آفریں شوقِ شہادت کس قدر! |
| شعر نمبر3) | جن کی تابانی میں اندازِ کہن بھی، نو بھی ہے | اور تیرے کوکب تقدیر کا پر تو بھی ہے |

**سوال نمبر5)** مضمون لکھیں "قائداعظم" **8X1 ▶ 08**

**سوال نمبر6)** مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں **1X5 ▶ 05**

غالب نے القاب وآداب، مزاج پرسی وخیریت نگاری کا قدیم دستور، جس سے سرمو تجاوز کرنا روا نہ رکھا جاتا تھا، بالکل ترک کر دیا۔ یہ بات نہیں کہ یہ باتیں لکھتے ہی نہ تھے مگر ان قاعدوں کے اور ان کی ترتیب کے پابند نہ تھے۔ القاب وآداب بالکل چھوڑ دیتے اور اول سطر سے مضمون شروع کر دیتے تھے، کبھی لکھتے تھے تو نئے، مختصر، موزوں القاب لکھتے تھے۔ مثلاً"میاں"،"برخوردار"،"بندہ پرور"،"مہاراج"،"پیرومرشد"،"بھائی صاحب"۔ اس سے زیادہ لکھا تو"میری جان کے چین میاں سرفراز حسین"،"میرے مہربان، میری جان، مرزا تفتہ سخن دان، کبھی یہ سب غائب اور خط اس طرح سے شروع:"صاحب تم کیا چاہتے ہو؟"۔۔۔یا۔۔۔"مار ڈالا یار تیری جواب طلبی نے"۔ اسی طرح دعا سلام اور اپنا نام اور تاریخ تحریر لکھنے میں بھی کوئی پابندی نہ تھی۔

1) آپ کے خیال میں خط کے ضروری حصے/اجزا کیا ہیں؟ 2) آپ نے غالب کے خط پڑھے ہیں ان کی زبان کیسی ہے؟

3) خط کیوں لکھا جاتا ہے؟ 4) قدیم دستور مکتوب نگاری کیا تھا؟

5) حامد حسن قادری نے غالب کی مکتوب نگاری کی جو خصوصیات بتائی ہیں، اسکا خلاصہ لکھیں۔

| TEST ▶ 3 | URDU COMP ◀ 10TH ▶ اُردو(لازمی) | T.MARKS ● 35 |
|---|---|---|

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| NAME | | ROLL NO | | SECTION | |
| TEST TYPE | 8TH DIVISION WISE | DATE | ____/____/____ | CHECKED BY | |

**سوال نمبر 1)** درست جواب پر دائرہ لگائیں **1X5 ▶ 05**

I) سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا:

(A) زردہ (B) بونٹ پلاؤ (C) فیرنی (D) بریانی

II) پرستان سے سیدانی بی کو انعام میں کیا ملا؟

(A) روپیا پیسہ (B) کنکر پتھر (C) خلعت اور زیورات (D) جواہرات

III) نواب صاحب کا محل سیدانی بی کے گھر سے تھا۔

(A) دو آنے ڈولی پر (B) تین آنے ڈولی پر (C) چار آنے ڈولی پر (D) پانچ آنے ڈولی پر

IV) کسان کی انگلیاں دن کے وقت رہتی ہیں:

(A) ہل کی ہتھی پر (B) حقے کی نے پر (C) خاک کی نبض پر (D) بانسری پر

V) ''جیوے جیوے پاکستان'' کا تخلیق کار ہے۔

(A) جمیل الدین عالی (B) جوش ملیح آبادی (C) حفیظ جالندھری (D) احسان دانش

**سوال نمبر 2)** مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں **2X3 ▶ 06**

I) سیدانی بی نے گزر اوقات کے لئے کونسا پیشہ اختیار کیا؟ II) پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

III) جھیل گئے دُکھ جھیلنے والے، اب ہے کام ہمارا'' اس مصرے کا مفہوم لکھیں۔

**سوال نمبر 3)** مندرجہ ذیل نثر کا خلاصہ لکھیں ''پرستان کی شہزادی'' **5X1 ▶ 05**

**سوال نمبر 4)** مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کریں (شاعر کا نام اور نظم کا نام بھی لکھیں) **2X3 ▶ 06**

| | | |
|---|---|---|
| شعر نمبر 1) | دوڑتی ہے رات کو جس کی نظر افلاک پر | دن کو جس کی انگلیاں رہتی ہیں نبض خاک پر |
| شعر نمبر 2) | سرنگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی | جس کے بوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی |
| شعر نمبر 3) | مہکی مہکی روشن روشن پیاری پیاری نیاری | رنگ برنگے پھولوں سے اک سجی ہوئی پھلواری |

**سوال نمبر 5)** مضمون لکھیں ''عیدین'' **8X1 ▶ 08**

**سوال نمبر 6)** مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں **1X5 ▶ 05**

سراج الدولہ اور ٹیپو سلطان نے انگریزوں کے خلاف کھلم کھلا جنگ کا آغاز کیا۔فوجی طاقت سے برصغیر کے آزادی طلب عوام کو انگریزوں نے کچلا، مگر جذبہ حریت نہ دب سکا۔1857ء تک چنگاریاں چمکتی اور بجھتی رہیں۔آخر مئی 1857ء کو چنگاری نے شعلہ بن کر فضا کو اپنی گرفت میں لے لیا، آگ اور خون کا طوفان اُٹھا، اس قیامت خیز ہنگامے میں عوام کا نقصان تو اتنا ہوا جس کا اندازہ لگانا مشکل ہے مگر کمزور عوام نے ایک مرتبہ استحصالی طاقت کو مزا تو چکھا ہی دیا۔توپ و تفنگ نے مظلوم عوام کے تاریخ و ثقافت کے بھرے بھرے محل کھنڈر کر دیئے۔لوگوں کو تباہ و برباد کر دیا، ملک کا نقشہ پلٹ دیا۔اب کی مرتبہ یہاں کے قومی رہنماؤں نے سرد جنگ کے بعد گرم معرکے کی تیاری کر لی۔کانگرس، خلاف تحریک اور مسلم لیگ اسی جنگ کے ادارے بنے ان تنظیموں نے عملی حکمتوں سے عوام کو بیدار کیا۔صفوں کو منظّم بنایا اور دشمن کو للکارا اور نئے نئے مورچے بنائے۔پہلی جنگ عظیم میں آزادی کے امکانات ابھرے، دوسری جنگ عظیم کے بعد جدو جہد کامیابی کے قریب پہنچ گئی۔اس مرحلے میں صدیوں حکومت کرنے والی قوم نے قائداعظمؒ کی قیادت میں علامہ اقبالؒ کے خواب کی تعمیر ڈھونڈنا شروع کی۔اس راہ میں خون کے سمندر اور آگ کے جنگل ملے اور قوم بسم اللہ کہ کر آگے بڑھی۔یہ پیش قدمی اللہ کی مدد اور ملت کے اتحاد، تنظیم اور ایمان، قائداعظمؒ کی بصیرت و تدبیر کی بدولت منزل تک پہنچنے کا ذریعہ بنی۔اللہ نے وہ دن سکھایا کہ اللہ اکبر کی گونج میں آزادی کا سورج نکلا اور ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان معرض وجود میں آ گیا۔اسلامی عقائد و افکار، اسلامی تہذیب و ثقافت، اسلامی قانون و نظام عدل و حکومت کے لیے اللہ نے اپنے محبوب آخر الزمان ﷺ کے طفیل مسلمانوں کو ایک مرتبہ پھر سر بلندی و افتخار سے نوازا۔

1) سراج الدولہ اور ٹیپو شہید کے بارے میں ایک مختصر پیرا گراف لکھیے۔ 2) ۱۸۵۷ء میں آزادی کے علم برادروں کا کیا نقصان ہوا؟ چند سطروں میں لکھیے۔

3) علامہ اقبالؒ مرحوم کے خواب سے کیا مراد ہے؟ 4) سرد جنگ کسے کہتے ہیں؟ 5) تہذیب و ثقافت سے آپ کیا مراد لیتے ہیں؟

| TEST ▶ 3 | URDU COMP ◀ 10TH ▶ اُردو(لازمی) | T.MARKS ● 35 |
|---|---|---|

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| NAME | | ROLL NO | | SECTION | |
| TEST TYPE | 8TH DIVISION WISE | DATE | ____/____/____ | CHECKED BY | |

**سوال نمبر1) درست جواب پر دائرہ لگائیں** 1X5 ▶ 05

I) جو جن سیدانی بی کو پرستان لے کر گیا اس کا نام تھا۔
(A) بکر مچھ (B) بکر شیر (C) بکر گدھا (D) بکر جکڑ

II) سبق ''پرستان کی شہزادی'' کس مصنف کی تحریر ہے؟
(A) شاہد احمد دہلوی (B) ہاجرہ مسرور (C) اشرف صبوحی (D) سجاد حیدر یلدرم

III) سیدانی بی کا خاندان کس گردی میں تباہ ہو گیا۔
(A) ہندو گردی (B) دہشت گردی (C) مرہٹہ گردی (D) ظلم گردی

IV) نظم کا ابتدائی منظر ہے:
(A) شام کا (B) صبح کا (C) جھٹ پٹے کا (D) رات کا

V) جھیل گئے دکھ جھیلنے والے سے مراد ہے؟
(A) محنت کش (B) مزدور (C) کسان (D) پاکستان بنانے والے

**سوال نمبر2) مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں** 2X3 ▶ 06

I) پرستان کے بادشاہ نے سیدانی بی کو کس کام کے لئے بلوایا تھا؟
II) سیدانی بی نے پرستان جانے کا واقعہ کب اور کیسے سنایا؟
III) نظم کے دوسرے شعر میں شاعر نے کن الفاظ میں کسان کی تحسین کی ہے؟

**سوال نمبر3) مندرجہ ذیل نثر کا خلاصہ لکھیں ''پرستان کی شہزادی''** 5X1 ▶ 05

**سوال نمبر4) مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کریں (شاعر کا نام اور نظم کا نام بھی لکھیں)** 2X3 ▶ 06

| | | |
|---|---|---|
| شعر نمبر1) | لہر کھاتا ہے رگ خاشاک میں جس کا لہو | جس کے دل کی آنچ بن جاتی ہے سیلِ رنگ و بو |
| شعر نمبر2) | من پنچھی جب پنکھ ہلائے کیا کیا سر بکھرائے | سننے والے سنیں تو ان میں ایک ہی دھن لہرائے |
| شعر نمبر3) | بچھڑے ہوؤں کو بکھرے ہوؤں کو اک مرکز پر لایا | کتنے ستاروں کے جھرمٹ میں سورج بن کر آیا |

**سوال نمبر5) مضمون لکھیں ''محنت کی برکتیں''** 8X1 ▶ 08

**سوال نمبر6) مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں** 1X5 ▶ 05

مادر ملت فاطمہ جناح مرحومہ، پاکستان کی بانی نہیں تو قائد اعظمؒ کی دست راست اور جاں نثار بہن ہونے کے ساتھ ساتھ جنگ آزادی کے ہراول دستے میں خواتین کی رہنما بہر حال تھیں۔ بلند کردار، جفاکش بہن گھر کی چار دیواری میں عظیم بھائی محافظ و نگہبان، ذہنی سکون اور کار سیاست و قیادت میں معاون، میدان عمل میں مسلم خواتین کے لیے نشان عزم و استقلال، جہاد حریت کے ہر مرحلے میں انھیں بھائی کا آئینہ دیکھا گیا۔ وہی اہمت و جرأت، وہی خلوص و جفاکشی، ملت پر ربان اور اصولوں پر ثابت قدمی۔ لوگ ان سے محبت بھی کرتے تھے اور ان کے ادب و احترام میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ ہونے دیتے تھے۔

قیام پاکستان کے بعد محترمہ فاطمہ جناح نے ایک مثالی ماں کی طرح ملک و ملت کے لیے محنت کی۔ ہر وقت مصروف عمل، ہمہ وقت چوکس، صبح و شام، نظریہ، مقصد اور شاندار نتائج کی نگہداشت، ہر جگہ سائے کی طرح بھائی کیساتھ اور ہر مرحلے میں قوم کی ہم آواز۔

قائد اعظمؒ نے ان کی عزت و محبوبیت میں اضافہ کر دیا۔ مرد و زن، چھوٹے بڑے ان سے آرزوئیں وابستہ کر چکے تھے اور وہ بھی ہر مناسب موقع پر قوم سے بات کرتی تھیں۔ بھائی کے جذبے سے سرشار اور ملک و ملت کی محبت سے لبریز، گرج دار آواز میں حکومت و عوام کا احتساب کرتی تھیں۔ کارواں کو حرارت و حرکت، روشنی، بیداری اور ہوشمندی کا پیام دیتی تھیں۔ قوم کا دل ان کے وجود سے مضبوط اور وطن کو ان کے وجود سے سہارا تھا۔ وہ دنیا بھر کی عورتوں میں صفت اول کی رہنما خاتون تسلیم کی گئی ہیں۔ اللہ ان پر رحمتوں کے پھول برساتا رہے۔ آمین!

1) "قیام پاکستان میں خواتین کا حصہ مردوں کے برابر ہے" اس عنوان پر پانچ سطریں لکھیے۔ 2) دست راست اور ہراول دستے سے کیا مراد ہے؟
3) ماں کے فرائض و کردار کیا ہیں اور محترمہ مادر ملت کا مرتبہ کیا ہے؟ 4) احتساب سے کیا مراد ہے؟ 5) مادر ملت کا سب سے بڑا کارنامہ کیا تھا؟

| TEST ▶ 3 | URDU COMP ◀ 10TH ▶ اُردو(لازمی) | T.MARKS ● 35 |
|---|---|---|

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| NAME | | ROLL NO | | SECTION | |
| TEST TYPE | 8TH DIVISION WISE | DATE | ____/____/____ | CHECKED BY | |

**سوال نمبر1)** درست جواب پر دائرہ لگائیں **1X5 ▶ 05**

I) قلعے کی بڑی بڑی مغلانیاں، سیدانی بی کے سامنے:

(A) کام کرتی تھیں (B) کھڑی رہتی تھیں (C) دم نہ مارتی تھیں (D) کان پکڑتی تھیں

II) پرستان کے بادشاہ نے سیدانی بی کو بلایا تھا:

(A) بیٹی کا جہیز ٹانکنے کو (B) انعام دینے کو (C) بیٹی کو سینا پرونا سکھانے کو (D) بیٹی کی شادی میں شرکت کیلئے

III) پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے:

(A) بالشت بھر (B) چھ فٹ (C) ایک ایک فٹ (D) گز بھر

IV) شاعر نے تہذیب کا پروگرام کسے کہا ہے؟

(A) عالم (B) مزدور (C) کسان (D) معلم

V) سب محنت کش:

(A) کام میں لگ گئے (B) متحد ہو گئے (C) گلے ملے (D) تعمیر وطن پہ لگ گئے

**سوال نمبر2)** مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں **2X3 ▶ 06**

I) میر صاحب اور ان کی بیوی سیدانی بی کی کس بات پر زیادہ خوش تھے؟ II) بادشاہ بیگم کا اصلی نام کیا تھا؟

III) شاعر نے کسے ارتقا کا پیشوا کہا ہے؟

**سوال نمبر3)** مندرجہ ذیل نثر کا خلاصہ لکھیں ''پرستان کی شہزادی'' **5X1 ▶ 05**

**سوال نمبر4)** مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کریں (شاعر کا نام اور نظم کا نام بھی لکھیں) **2X3 ▶ 06**

| | | |
|---|---|---|
| شعر نمبر1) | جلوہ قدرت کا شاہد ، حسن فطرت کا گواہ | ماہ کا دل ، مہر عالم تاب کا نور نگاہ |
| شعر نمبر2) | سب محنت کش گلے ملے اور اُبھرا اک پیغام | اس پیغام کو سمجھو یہ ہے قدرت کا انعام |
| شعر نمبر3) | جھیل گئے دُکھ جھیلنے والے ، اب ہے کام ہمارا | ایک رہیں گے، رہے گا ، ایک ہے نام ہمارا |

**سوال نمبر5)** مضمون لکھیں ''عیدین'' **8X1 ▶ 08**

**سوال نمبر6)** مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں **1X5 ▶ 05**

مادر ملت فاطمہ جناح مرحومہ، پاکستان کی بانی نہیں تو قائد اعظمؒ کی دست راست اور جاں نثار بہن ہونے کے ساتھ ساتھ جنگ آزادی کے ہراول دستے میں خواتین کی رہنما بہر حال تھیں۔ بلند کردار، جفاکش بہن گھر کی چار دیواری میں عظیم بھائی محافظ و نگہبان، ذہنی سکون اور کار سیاست و قیادت میں معاون، میدان عمل میں مسلم خواتین کے لیے نشان عزم و استقلال، جہاد حریت کے ہر مرحلے میں انھیں بھائی کا آئینہ دیکھا گیا۔ وہی اہمت و جرأت، وہی خلوص و جفاکشی، ملت پر ربان اور اصولوں پر ثابت قدمی۔ لوگ ان سے محبت بھی کرتے تھی اور ان کے ادب و احترام میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ ہونے دیتے تھے۔

قیام پاکستان کے بعد محترمہ فاطمہ جناح نے ایک مثالی ماں کی طرح ملک و ملت کے لیے محنت کی۔ ہر وقت مصروف عمل، ہمہ وقت چوکس، صبح و شام، نظریہ، مقصد اور شاندار نتائج کی نگہداشت، ہر جگہ سائے کی طرح بھائی کیساتھ اور ہر مرحلے میں قوم کی ہم آواز۔

قائد اعظمؒ نے ان کی عزت و محبوبیت میں اضافہ کر دیا۔ مرد و زن، چھوٹے بڑے ان سے آرزوئیں وابستہ کر چکے تھے اور وہ بھی ہر مناسب موقع پر قوم سے بات کرتی تھیں۔ بھائی کے جذبے سے سرشار اور ملک و ملت کی محبت سے لبریز، گرج دار آواز میں حکومت و عوام کا احتساب کرتی تھیں۔ کارواں کو حرارت و حرکت، روشنی، بیداری اور ہوشمندی کا پیام دیتی تھیں۔ قوم کا دل ان کے وجود سے مضبوط اور وطن کو ان کے وجود سے سہارا تھا۔ وہ دنیا بھر کی عورتوں میں صفت اول کی رہنما خاتون تسلیم کی گئی ہیں۔ اللہ ان پر رحمتوں کے پھول برساتا رہے۔ آمین!

1) "قیام پاکستان میں خواتین کا حصہ مردوں کے برابر ہے" اس عنوان پر پانچ سطریں لکھیے۔ 2) دست راست اور ہراول دستے سے کیا مراد ہے؟

3) ماں کے فرائض و کردار کیا ہیں اور محترمہ مادر ملت کا مرتبہ کیا ہے؟ 4) احتساب سے کیا مراد ہے؟ 5) مادر ملت کا سب سے بڑا کارنامہ کیا تھا؟

| TEST ▶ 4 | URDU COMP ◀ 10TH ▶ اُردو(لازمی) | T.MARKS ● 35 |
|---|---|---|

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| NAME | | ROLL NO | | SECTION | |
| TEST TYPE | 8TH DIVISION WISE | DATE | ____/____/____ | CHECKED BY | |

**سوال نمبر1) درست جواب پر دائرہ لگائیں** — 1X5 ▶ 05

I) یہ مصرع کس شاعر کا ہے؟ ''ہلال عید کی گردوں پہ آمد آمد ہے''۔

(A) اقبال (B) حفیظ جالندھری (C) عبدالمجید سالک (D) حالی

II) 1857ء کی جنگ آزادی کے بعد توجہ تیز ہوگئی:

(A) غزلوں کی طرف (B) نظموں کی طرف (C) مرثیے کی طرف (D) شہر آشوب کی طرف

III) خواجہ حسن نظامی نے نوحے لکھے:

(A) لکھنؤ کی بربادی کے (B) دلی کی بربادی کے (C) آگرہ کی بربادی کے (D) بنگال کی بربادی کے

IV) نظم ''اونٹ کی شادی'' کے پہلے مصرعے میں آج کے پرچے سے کیا مراد ہے؟

(A) آج کا اخبار (B) رسالہ (C) امتحانی پرچہ (D) پولیس کا پرچہ (FIR)

V) ''مال گودام'' نظم کس شاعر نے لکھی ہے؟

(A) جمیل الدین عالی (B) دلاور نگار (C) محمود سرحدی (D) ضمیر جعفری

**سوال نمبر2) مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں** — 2X3 ▶ 06

I) عیدالفطر کا ہماری تہذیبی اور دینی زندگی پر کیا تعلق ہے؟

II) اُردو شعرا نے عیدالفطر کے کن پہلوؤں پر اظہار خیال کیا ہے؟

III) نکیل پڑنے سے شاعر کی مراد کیا ہے؟

**سوال نمبر3) مندرجہ ذیل نثر کا خلاصہ لکھیں ''اُردو ادب میں عیدالفطر''** — 5X1 ▶ 05

**سوال نمبر4) مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کریں (شاعر کا نام اور نظم کا نام بھی لکھیں)** — 2X3 ▶ 06

| | | |
|---|---|---|
| شعر نمبر1) | مرے بنے کو مبارک یہ خوش گوار گھڑی | کہ سر کا درد بڑھا ناک میں نکیل پڑی |
| شعر نمبر2) | یوں تو میرے شہر میں سڑکیں کئی ہیں لازوال | لیکن اک ایسی سڑک بھی ہے نہیں جس کی مثال |
| شعر نمبر3) | ڈگمگا جاتے ہیں ریڑھے لڑکھڑا جاتی ہے جیپ | واپس آ جائے سلامت سائیکل کی کیا مجال |

**سوال نمبر5) مضمون لکھیں ''تعلیم نسواں''** — 8X1 ▶ 08

**سوال نمبر6) مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں** — 1X5 ▶ 05

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو مختلف ماہرین نے ان کے خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کو شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ہندوستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہے۔

1) زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟

2) عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

3) آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیے۔

4) ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

5) دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

| TEST ▶ 4 | URDU COMP ◀ 10TH ▶ اُردو(لازمی) | T.MARKS ● 35 |
|---|---|---|

| NAME | | ROLL NO | | SECTION | |
|---|---|---|---|---|---|
| TEST TYPE | 8TH DIVISION WISE | DATE | ____/____/____ | CHECKED BY | |

**سوال نمبر1) درست جواب پر دائرہ لگائیں** 1X5 ▶ 05

I) عیدالفطر کے موقع پر مسلم معاشرے کے کس طبقے کو سب سے زیادہ مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے؟
(A) اُمرا (B) غربا (C) متوسط (D) سفید پوش

II) حسن نظامی نے دلی کے جو نوحے لکھے، ان میں سے کونسی چیز نمایاں ہے؟
(A) عظمت رفتہ (B) احساس شادمانی (C) عبرت انگیزی (D) لطف و مسرت

III) ''تہنیت عیدالفطر'' نظم ہے۔
(A) حالی کی (B) اقبال کی (C) طالب الہٰ آبادی کی (D) خواجہ حسن نظامی کی

IV) کھلانا کا مطلب ہے:
(A) پھول کھلنا (B) عجیب و غریب کام کرنا (C) نئی بات کہنا (D) انکشاف کرنا

V) جو شخص اس سڑک پر گیا پھر:
(A) تھک کر چُور رہوا (B) زخمی ہو کر آ گیا (C) کبھی لوٹ کر نہ آیا (D) پھسل پڑا

**سوال نمبر2) مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں** 2X3 ▶ 06

I) عید کی شاعری کا ہماری شعری روایات سے کیا تعلق ہے؟
II) کونسی چیز اقبال کو عید کے چاند کی تصویر کشی پر مجبور کرتی ہے؟
III) سڑک پر چلنے والی کن سواریوں کا حلیہ بگڑتا ہے؟

**سوال نمبر3) مندرجہ ذیل نثر کا خلاصہ لکھیں ''اُردو ادب میں عیدالفطر''** 5X1 ▶ 05

**سوال نمبر4) مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کریں (شاعر کا نام اور نظم کا نام بھی لکھیں)** 2X3 ▶ 06

| | | |
|---|---|---|
| شعر نمبر1) | سمجھ لیا تھا جسے جانور سواری کا | وہ اونٹ بوجھ اُٹھائے گا ذمہ داری کا |
| شعر نمبر2) | میاں شتر کو مبارک یہ رشتہ شادی | اسی کو کہتے ہیں اُردو میں قید آزادی |
| شعر نمبر3) | اس کی چھاتی پر کئی ٹانگے اُلٹ کر رہ گئے | سینکڑوں گھوڑوں کا اس پر ہو چکا ہے انتقال |

**سوال نمبر5) مضمون لکھیں ''ایک دلچسپ سفر''** 8X1 ▶ 08

**سوال نمبر6) مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں** 1X5 ▶ 05

ہم عصروں اور ہم چشموں کی رقابت پرانی چیز ہے اور ہمیشہ سے چلی آتی ہے۔ جہاں تک مجھے ان سے گفتگو کا موقع ملا اور بعض اوقات چھیڑ چھیڑ کر اور کرید کرید کر دیکھا اور ان کی تحریروں کو پڑھنے کا اتفاق ہوا، مولانا اس عیب سے بری ہوتے ہیں۔ محمد حسین آزاد نے مولانا شبلی کی کتابوں پر کیسے اچھے تبصرے لکھے ہیں اور جو باتیں قابل تعریف ہیں ان کو دل کھول کر داد دی ہے۔ مگر ان بزرگوں میں سے کسی نے مولانا کی کسی کتاب کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔ لاہور میں کرنل ہالرائیڈ کی زیر ہدایت جو جدید رنگ کے مشاعرے ہوئے، ان میں آزاد اور حالی دونوں نے طبع آزمائی کی۔ برکھات، حب وطن، نشاط امید اسی زمانے کی نظمیں ہیں۔ آزاد اپنے رنگ میں بے مثل نثار ہیں، مگر شعر کے کوچے میں ان کا قدم نہیں اٹھتا۔ لیکن مولانا کی انصاف پسندی ملاحظہ کیجیے کہ کیسے صاف لفظوں میں اس نئی تحریک کا سہرا آزاد کے سر باندھا ہے۔

1) اس عبارت کا عنوان تحریر کریں۔ 2) اس عبارت میں مولانا سے کون مراد ہیں؟ 3) مولانا کس عیب سے بری تھے؟
4) جدید رنگ کے مشاعروں میں کس قسم کی نظمیں پڑھی جاتی ہیں؟ 5) " مگر شعر کے کوچے میں ان کا قدم نہیں اٹھتا" کے معنی بتائیے؟۔

| TEST ▶ 4 | URDU COMP ◀ 10TH ▶ اُردو(لازمی) | T.MARKS ● 35 |
|---|---|---|

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| NAME | | ROLL NO | | SECTION | |
| TEST TYPE | 8TH DIVISION WISE | DATE | ____/____/____ | CHECKED BY | |

**سوال نمبر1)** درست جواب پر دائرہ لگائیں **1X5 ▶ 05**

I) اُردو شاعری کی حدود میں وسعت پیدا ہوئی:

(A) 1857ء کے بعد (B) 1890ء کے بعد (C) 1947ء کے بعد (D) 1965ء کے بعد

II) شاعر نے ''لذت افزائے شورِ طفلی'' میں کس کی طرف اشارہ کیا ہے؟

(A) بادل (B) ستارے (C) عیدالفطر کا چاند (D) نمازِ عیدالفطر

III) شہزادوں اور شہزادیوں کی کس مپرسی میں عید بسر کرنے کا ذکر کیا ہے؟

(A) سرسید احمد خان نے (B) مولانا حالی نے (C) عبدالمجید سالک نے (D) خواجہ حسن نظامی نے

IV) شتر کے گھر میں کیا آیا ہے؟

(A) ہوا کا جھونکا (B) خوش کن پیغام (C) پیامِ بہار (D) ایک اور اونٹ

V) اس سڑک پر تانگے اُلٹ جانے سے گھوڑوں پر کیا گزرتی ہے؟

(A) بھاگ جاتے ہیں (B) بے ہوش ہو جاتے ہیں (C) مر جاتے ہیں (D) بیٹھ جاتے ہیں

**سوال نمبر2)** مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں **2X3 ▶ 06**

I) عیدالفطر پر نظموں میں شعرا نے کیا باریکیاں پیدا کی ہیں؟

II) ''مہ صیام گیا اور روزِ عید آیا'' یہ اُردو کے کس معروف شاعر کا مصرع ہے؟

III) شاعر نے سر کا درد بڑھنے کی وجہ کیا بتائی ہے؟

**سوال نمبر3)** مندرجہ ذیل نثر کا خلاصہ لکھیں ''اُردو ادب میں عیدالفطر'' **5X1 ▶ 05**

**سوال نمبر4)** مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کریں (شاعر کا نام اور نظم کا نام بھی لکھیں) **2X3 ▶ 06**

| | | |
|---|---|---|
| شعر نمبر1) | میاں شتر نئی گاڑی لیے سفر کو چلے | مجھے خوشی ہے کہ تم آ گئے پہاڑ تلے |
| شعر نمبر2) | آس پاس اس کے جو بستے ہیں نہ ان کی پوچھیے | جس قدر ویراں ہے یہ، ہیں اس قدر وہ خستہ حال |
| شعر نمبر3) | رونقیں ہی رونقیں ہیں جس طرف بھی دیکھیے | چیخنے لگتے ہیں اس پر شام ہوتے ہی شغال |

**سوال نمبر5)** مضمون لکھیں ''تعلیمِ نسواں'' **8X1 ▶ 08**

**سوال نمبر6)** مندرجہ ذیل عبارت کو غور سے پڑھیں اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں **1X5 ▶ 05**

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو مختلف ماہرین نے ان کے خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے۔ ان میں دو خاندان مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں۔ آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کو شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعاعیں پاکستان، ہندوستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہے۔

1) زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟

2) عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟

3) آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھیے۔

4) ہماری قومی زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

5) دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟

| TEST ▶ 5 | URDU COMP ◀ 10TH ▶ اُردو(لازمی) | T.MARKS ● 35 |
|---|---|---|

| NAME | | ROLL NO | | SECTION | |
|---|---|---|---|---|---|
| TEST TYPE | 8TH DIVISION WISE | DATE | ____/____/____ | CHECKED BY | |

**سوال نمبر 1)** درست جواب پر دائرہ لگائیں **1X5 ▶ 05**

I) آفت کا مارا فقیر کتنے بچوں کا باپ تھا۔

(A) تین (B) پانچ (C) سات (D) نو

II) مصنف کا دوست زیادہ بے تکلف اور شور مچانے والا ہے۔

